سوال

(467)صوفیہ کا بے اصل دعویٰ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ااہل حوال حالت بیداری میں نبی ﷺ کی زیارت کیسے کرتے ہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی اکرم ﷺ کے وفات پاجانے کے بعد کوئی شخص آپ کو دنیا میں نہیں دیکھ سکتا۔ البتہ خواب میں آپ ﷺ کی زیارت ممکن ہے۔ جس نے خواب میں نبی ﷺ کو آپ کی صحیح صورت میں دیکھا تو اس کا خواب درست ہے کیونکہ شیطان رسول اللہ ﷺ کی صورت اختیار نہیں کر سکتا اور صوفیہ جو حالت بیداری میں نبی ﷺ کی زیارت کا دعویٰ کرتے ہیں یہ غلط اور بے بنیاد بات ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ